## سبق نمبر ۸ | میری پہچان ہے تو

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| احترام | عزت | ابھارنا | تیار کرنا، پیدا کرنا |
| نوید | خوش خبری | دُھن | طرز |
| نشر | اشاعت | مخمس | پانچ مصرعوں کے بند والی نظم مخمس کہلاتی ہے۔ |
| شاد | خوش | کشور | وطن، ملک |
| ارض | زمین، وطن | سدا | ہمیشہ |
| اخوت | بھائی چارہ | رہبر | رہنما |
| کمال | عظمت | تخلیق کرنا | لکھنا |

۲۔ سبق کی مدد سے کالم (الف) میں دیے ہوئے الفاظ کے بارے میں متعلقہ معلومات کالم (ب) میں لکھیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| مخمس | پانچ مصرعوں کے بند والی نظم کو مخمس کہتے ہیں |
| ۱۳ اگست ۱۹۵۴ | ہمارا قومی ترانہ پہلی بار ۱۳ اگست ۱۹۵۴ کو ریڈیو پاکستان سے نشر ہوا تھا |
| ۲۳ مارچ | ۲۳ مارچ یوم پاکستان کے طور پر منایا جاتا ہے۔ |
| ایک منٹ بیس سیکنڈ | قومی ترانہ بجنے میں تقریباً ایک منٹ بیس سیکنڈ لگتے ہیں۔ |
| شاہ ایران | قومی ترانے کی دھن پہلی بار شاہ ایران رضا شاہ پہلوی کی آمد پر بجائی گئی۔ |

---

۳۔ سبق کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

☆۔ قومی ترانہ قوم کو کرتا ہے۔

(ا) ہوشیار (ب) بیدار (ج) خبردار (د) تیار

☆۔ قومی ترانے کی دھن بنائی۔

(ا) پختون موسیقار نے (ب) سندھی موسیقار نے (ج) پنجابی موسیقار نے (د) بلوچی موسیقار نے

☆۔ ہمارے قومی ترانے کے بند شروع ہوتے ہیں حرف

(ا) ت سے (ب) ب سے (ج) پ سے (د) ث سے

☆۔ لفظ "شاد" کا مطلب ہے۔

(ا) پریشان (ب) غمگین (ج) اداس (د) خوش

☆ برصغیر میں ایک الگ اسلامی مملکت کے قیام کی خواہش تھی۔

(ا) انگریزوں کی (ب) مسلمانوں کی (ج) سکھوں کی (د) عیسائیوں کی

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) قومی ترانے کے پہلے بند کا مفہوم لکھیں۔

ج: اے میرے پاکیزہ اور خوب صورت وطن! تو ہمیشہ خوش رہے تو ہمارے بزرگوں کے شان دار عزم اور ان کے پکے ارادے کی نشانی ہے۔ ہمارے ایمان اور یقین کا یہ مرکز ہمیشہ خوش رہے۔

(ب) "پاک سرزمین کا نظام قوت اخوت عوام" کا کیا مطلب ہے؟

ج: پاکستان میں رہنے والے سب لوگ آپس میں بھائی بھائی ہیں ان کے بھائی چارے اور اتحاد کی طاقت سے اس ملک کا نظام چلتا ہے۔

(ج) قومی ترانہ کیسے کسی قوم کی امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے؟

ج: قومی ترانہ کسی قوم کے افراد میں محنت، عقیدت اور وطن سے محبت کا جذبہ ابھارتا ہے انہیں بیدار کرتا ہے اور شان دار مستقبل کی خوش خبری سناتا ہے اس لیے یہ اس قوم کی امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے۔

(د) پاکستان کے قومی ترانے کے شاعر اور موسیقار کا نام بتائیں۔

ج: پاکستان کے قومی ترانے کے شاعر کا نام حفیظ جالندھری اور موسیقار کا نام احمد غلام علی چھاگلا تھا۔

(ہ) کسی ملک کی شناخت کن چیزوں سے ہوتی ہے۔ تین کے بارے میں بتائیں۔

ج: کسی ملک کی شناخت اس ملک کے قومی ترانے، قومی لباس اور قومی زبان سے ہوتی ہے۔

---

۵۔ پاکستانی قومی ترانے کا مفہوم اپنے الفاظ میں بتائیں۔

ج: اے میری پیاری سرزمین! تو ہمیشہ خوش رہے تو ہمارے بزرگوں کے عزم اور پکے ارادے کی نشانی اور یمان کا مرکز ہے۔ پاکستانی لوگوں کے بھائی چارے اور اتحاد کی طاقت سے اس ملک کا نظام چلتا ہے۔ ہمارا یہ ملک ہمیشہ قائم اور چمکتا رہے۔ ہمارا چاند ستارے والا پرچم زندگی کے ہر میدان میں ترقی کی طرف ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ یہ پرچم ہمارے شان دار ماضی کی کہانی بیان کرتا ہے یہ ہمارا مستقبل ہے خدا اس کا سایہ ہمیشہ ہم پر رکھے۔

---

۶۔ خالی جگہ میں مناسب حرف لکھ کر لفظ بنائیں اور لغت میں سے ان کے معانی تلاش کر کے لکھیں۔

(ی۔ق۔ف۔ب۔ت)

| حروف | الفاظ | معانی |
|---|---|---|
| ع ـــ ی د ت | عقیدت | احترام |
| ش گ ـ ت ہ | شگفتہ | تروتازہ |
| م ح ب ـــ ت | محبت | پیار |
| گ ف ـــ گ و | گفتگو | بات چیت |
| ل ذ ـــ ذ | لذیذ | مزیدار |

---

۷۔ دیے ہوئے الفاظ کے اعراب کو مدنظر رکھتے ہوئے اس طرح جملے بنائیں کہ ان کی وضاحت ہو جائے۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| دَل | لشکر | ٹڈی دل نے فصلوں کو بہت نقصان پہنچایا۔ |
| دِل | جسم کا عضو | اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔ |
| گُل | پھول | گل لالہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے |
| گِل | مٹی | انسان کو گل سے پیدا کیا گیا ہے۔ |
| تیر | ایک جنگی ہتھیار | ترک تیر اندازی میں بہت ماہر ہوتے ہیں |
| تیر | پانی کے اوپر رہنا | احمد کو تیرنا آتا ہے۔ |
| کشتی | سفینہ | کل ہم نے کشتی میں سواری کی۔ |
| کُشتی | زور آزمائی | امجد کشتی دیکھنے کا شوقین ہے۔ |
| مَلَک | فرشتہ | حضرت عزرائیلؑ کو ملک الموت کہا جاتا ہے۔ |
| مُلک | وطن | پاکستان ایک ایٹمی ملک ہے۔ |

۸۔ علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

احمد نے جاذب کو سلام کیا۔ شازیہ نے الماری کو کھولا۔ ماریہ نے سبق یاد کیا۔
رضا نے باجی کو پھل پکڑائے۔ شاگرد نے استاد کو نظم سنائی۔ عادل نے اپنی کتاب کو کھولا۔

---

۹۔ اسکول لائبریری میں مزید کتابوں کے لیے اپنے سکول ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام درخواست لکھیں۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ پرائمری سکول خوید ادخیل لکی مروت

عنوان: فراہمی کتب برائے اسکول لائبریری

جناب عالی!

نہایت ادب سے گذارش ہے کہ حکومت کی طرف سے پرائمری کے نصاب میں حالیہ تبدیلی کی وجہ سے اسکول کی لائبریری میں نصاب کے مطابق کتب کی اشد ضرورت ہے۔ اس لیے جناب سے درخواست ہے کہ اسکول کی لائبریری کے لیے متعلقہ کتب خریدی جائیں۔

عین نوازش ہوگی۔

درخواست گزار

رشید احمد

جماعت پنجم، رول نمبر ۱۲ ۲۲ / اپریل ۲۰۲۱

---



www.downloadclassnotes.com